سنگاپور کے وفد کی ملاقات

بعدازاں ملک سنگاپور سے آنے والے وفد نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے ملاقات کی سعادت پائی۔

سنگاپور سے دو احباب جماعت پر مشتمل وفد جلسہ سالانہ جرمنی میں شامل ہونے کے لئے آیا تھا۔

وفد کے ایک ممبر نے بتایا کہ وہ سابق صدر خدام الاحمدیہ ہیں۔ جب حضور انور نے سنگاپور کا دورہ فرمایا تھا تو اس وقت صدر خدام تھے اور ان کو حضور انور کی گاڑی ڈرائیو کرنے کی سعادت بھی نصیب ہوئی تھی۔ دونوں ممبران نے بتایا کہ ہم نے پہلی دفعہ جلسہ سالانہ جرمنی میں شرکت کی ہے اور ہمیں ہر لحاظ سے بہت اچھا لگا ہے۔

حضور انور نے ازراہ شفقت ان دونوں احباب سے ان کی فیملیز اور بچوں وغیرہ کے بارہ میں دریافت فرمایا۔

حضور انور نے فرمایا مَیں سنگاپور کو پسند کرتا ہوں۔

سنگاپور کے وفد سے ملاقات کا یہ پروگرام گیارہ بج کر بیس منٹ تک جاری رہا۔ آخر پر وفد کے ممبران نے اپنے پیارے آقا کے ساتھ تصویر بنوانے کی سعادت پائی۔